36472-حج کرنا فرض ہے چاہے بدعتی لوگوں کی معیت میں ہی کیوں نہ ہو

سوال

ہمارا تعلق اہل سنت سے ہے اور ہم ایک شیعہ ملک کے رہائشی ہیں اور فریضہ حج کی ادائیگی کرنا چاہتے ہیں، لیکن اپنے ملک کے باشندوں کے ساتھ سفر نہیں کرسکتے کیونکہ راستے میں بہت ساری مشکلات پیدا ہونگی کیونکہ وہ شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

اگر آپ میں حج کرنے کی استطاعت ہے تو آپ پر فریضہ حج کی ادائیگی فرض ہے چاہے شیعہ لوگوں کے ساتھ ہی آنا پڑے، لیکن آپ شیعہ کے شبہات اور ان کے باطل مذہب سے بچ کررہیں، اور اگر آپ کے لیے ممکن ہوسکے تو انہیں نصیحت بھی کریں اور انہیں اہل سنت مذہب کی دعوت دیں کیونکہ ایسا کرنا واجب ہے۔

اس لیے کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

{آپ اپنے رب کی راہ کی طرف لوگوں کو حکمت اور بہترین نصیحت کے ساتھ بلایئے اور ان سے بہترین طریقہ سے گفتگو کیجئے} النحل (125)۔

اس کے علاوہ بھی کئی ایک آیات ایسی ہیں جو دعوت الی اللہ کے وجوب پر دلالت کرتی ہیں، اور لوگوں کو نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے کا حکم دیتی ہیں، اللہ سبحانہ وتعالی سب کے حالات درست فرمائے۔